2/43

**1705E640**　　Candidate's Seat No :

**M.A. (Sem.-III) Examination**
**501 Urdu**
**May-2017**

**Time : 3 Hours]**　　**[Max. Marks : 70**

---

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اوران سبھی کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔

سوال : ۱ شمالی ہنداور دکن میں اردو مرثیہ کی ابتداء اور ارتقاء کا مفصل خاکہ پیش کیجئے۔ ۱۴

یا

مرثیہ کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے فن اور ہیئت پر بحث کیجئے۔

سوال : ۲ مرثیہ کے اجزائے ترکیبی پر سیر حاصل روشنی ڈالئے۔ ۱۴

یا

میر انیس کے مرثیوں میں جمالیاتی عناصر کا جائزہ لیجئے۔

سوال : ۳ میر انیس کے مرثیوں میں ڈرامائی اجزاء کا احاطہ کیجئے۔ ۱۴

یا

میر انیس کے مرثیوں کی خصوصیات بیان کیجئے۔

سوال : ۴ میر انیس کے مرثیوں میں تصویر کشی کے فن کا جائزہ لیجئے۔ ۱۴

یا

میر انیس کے مرثیوں کا مرزا دبیر کے مرثیوں سے موازنہ قلم بند کیجئے۔

سوال : ۵ مندرجۂ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔ (کوئی چودہ) ۱۴

(۱) اردو مرثیہ کا نقطۂ آغاز کس شاعر کو سمجھا جاتا ہے؟

(۲) میر انیس کے والد کا نام کیا ہے؟

(۳) ''کربل کتھا'' کس کی تصنیف ہے؟

(۴) فارسی کے پہلے مرثیہ نگار کون ہیں؟

(۵) شہدائے کربلا کے علاوہ اگر کسی پر مرثیہ کہا جاتا ہے تو اسے کیا کہتے ہیں؟

(۶) اشرف بیابانی کی کس تخلیق کو اردو مرثیہ کا نقطۂ آغاز سمجھا جاتا ہے؟

(P.T.O.)

(۷) ''موازنۂ انیس و دبیر'' کس کی تخلیق ہے؟

(۸) ''انیس شناسی'' کس ادیب کی تصنیف ہے؟

(۹) میر انیس کس کے بلانے پر عظیم آباد (پٹنہ) تشریف لے گئے؟

(۱۰) ''آوازِ حق'' کس کے مرثیوں کا مجموعہ ہے؟

(۱۱) ''مرثیہ اور مرثیہ نگار'' کس کی تصنیف ہے؟

(۱۲) اردو کا سب سے پہلا باقاعدہ مرثیہ گو شاعر کون ہے؟

(۱۳) ''کربل کتھا'' کس کی تصنیف ہے؟

(۱۴) مرثیہ ''حسین اور انقلاب'' کس کی تخلیق ہے۔

(۱۵) میر انیس کا ابتدائی تخلص کیا تھا؟

(۱۶) مرزا رفیع سودا نے مرثیوں کے کس ہیئت میں لکھا ہے؟

(۱۷) میر انیس کو ''انیس'' تخلص کس شاعر نے تجویز کیا تھا؟

---پایان---

**1905E703** Candidate's Seat No :

**M.A. (Sem.-III) Examination**
**503 Urdu**
**May-2017**

**Time : 3 Hours]** **[Max. Marks : 70**

**Urdu Core - 503 (Khaka Nigari)**

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اور ان سبھی کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔

سوال : ۱ اُردو میں خاکہ نگاری کی ابتداء اور ارتقاء کا جائزہ لیجئے۔ ۱۴

یا

مرزا فرحت اللہ بیگ کی خاکہ نگاری کے فن پر سیر حاصل بحث کیجئے۔

سوال : ۲ خاکے کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے فن پر سیر حاصل بحث کیجئے۔ ۱۴

یا

خطوط نگاری کی نثری اہمیت واضح کیجئے۔

سوال : ۳ سعادت حسن منٹو کی خاکہ نگاری پر روشنی ڈالئے۔ ۱۴

یا

رشید احمد صدیقی کی خاکہ نگاری پر بحث کیجئے۔

سوال : ۴ مندرجۂ ذیل میں سے کسی دو (۲) پر لکھیے۔ ۱۴

(۱) ہم نفسانِ رفتہ

(۲) مولوی نذیر احمد کی کہانی کا تجزیہ

(۳) مولوی عبدالحق کی خاکہ نگاری

(۴) خاکہ نگاری اور خطوط نگاری میں ہم آہنگی

سوال : ۵ مندرجۂ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔ (کوئی چودہ) ۱۴

(۱) خاکہ نگاری کے فن میں کن دو انگریز ادیبوں نے شہرت پائی؟

(۲) ''نمرود کی خدائی'' کس کے مضامین کا مجموعہ ہے؟

(۳) خاکہ کے لئے انگریزی میں کون سی اصطلاح رائج ہے؟

(۴) ''ذاکر صاحب'' کا لکھا ہوا خاکہ کس ادیب کا ہے؟

(۵) خاکہ نگاری کو ''نوکِ قلم کی تصویر نگاری'' کس ادیب نے کہا ہے؟

(۶) ناقدین نے خاکہ نگاری کے فن کو دیگر کس نثری اصناف سے مشابہ قرار دیا ہے؟

(۷) یہ کس نے کہا کہ ''خاکہ نگاری کی تعریف کے تعین میں اختلاف پایا جاتا ہے۔''؟

(۸) خاکہ صرف قلمی چہرہ ہی نہیں دکھاتا بلکہ انسانی شخصیت کو بھی ظاہر کرتا ہے۔ یہ کس کا قول ہے؟

(۹) ''تذکرۂ ہندی'' کے خالق کون ہیں؟

(۱۰) ''اردو ادب میں خاکہ نگاری'' کتاب کے خالق کون ہیں؟

(۱۱) خاکہ نگاری کو مضمون نگاری کی ایک قسم کس نے کہا ہے؟

(۱۲) ''میں مرنے کے لئے تیار ہوں اور اُس وقت تک نہیں مروں گا جب تک اُردو یونیورسٹی قائم نہ کر لوں۔'' مذکورہ قول کس خاکہ نگار کا ہے؟

(۱۳) ''خامہ بگوش'' کس ادیب کے ادبی کالموں کا نام ہے؟

(۱۴) ''انسان کا بہترین مطالعہ انسان ہے۔'' کس ادیب کا قول ہے؟

(۱۵) ''اردو نثر کا فنی ارتقاء'' کتاب کے خالق کون ہیں؟

(۱۶) ''دلی کا آخری یادگار مشاعرہ'' کے خالق کون ہیں؟

(۱۷) مولوی نظیر احمد کی کہانی کس سن میں منظرِ عام پر آئی؟

---پایان---

**1805E664** Candidate's Seat No :

**M.A. (Sem.-III) Examination**
**502 Urdu**
**May-2017**

**Time : 3 Hours]** **[Max. Marks : 70**

**Urdu Core - 502 (Khutoot Nigari)**

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اور ان سبھی کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔

سوال : ۱ خطوط نگاری کی تاریخ کا مفصل جائزہ لیجیے۔ ۱۴

یا

خطوط نگاری کی نثری اہمیت پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

سوال : ۲ مکتوب نگاری کے فن پر مفصل روشنی ڈالیے۔ ۱۴

یا

''خطوطِ غالبؔ خطوط نگاری میں سنگِ میل کا درجہ رکھتے ہیں۔'' اس قول کی وضاحت کیجیے۔

یا

مولوی عبدالحق کی مکتوب نگاری پر بحث کیجیے۔

سوال : ۳ مندرجۂ ذیل میں سے کسی دو (۲) عنوان پر لکھیے۔ ۱۴

(۱) اردو کا اولین خطوط نگار خواجہ غلام غوث بیخبرؔ

(۲) عودِ ہندی

(۳) غبارِ خاطر

(۴) صفیہ اخترؔ کے خطوط

سوال : ۴ مندرجۂ ذیل میں سے کسی (۲) عنوان پر لکھیے۔ ۱۴

(۱) نذیر فتح پوری کی مکتوب نگاری

(۲) پریم چند کی مکتوب نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(۳) سر سید احمد خان کی خطوط نگاری

(۴) مولانا ابوالکلام کی خطوط نگاری

سوال : ۵ مندرجۂ ذیل سوالات کے جوابات دیجیے۔ (کوئی چودہ) ۱۴

(۱) مکتوب الیہ سے کیا مُراد ہے؟

(۲) ۱۹ ویں صدی میں برطانوی حکومت کے کن دو اقدام سے خطوط نگاری کے فن کو فروغ ملا؟

(۳) ''بارِ خاطر'' کس کے خطوط کا مجموعہ ہے؟

(۴) ''غالب کے خطوط'' کتاب کے خالق کون ہیں؟

(۵) اسلام کی آمد کے بعد خطوط نگاری کے لئے کس نام سے ادارہ بنایا گیا؟

(۶) ''خطوط کو دلی خیالات کا روز نامچہ اور اسرارِ حیات کا صحیفہ'' کس نے کہا ہے؟

(۷) کس مغربی ادیب کو خطوط نگاری کا ''باوا آدم'' کہا جاتا ہے؟

(۸) تعزیتی خطوط میں مزاحیہ انداز کی جھلک کس خطوط نگار کے یہاں پائی جاتی ہے؟

(۹) ''سوانح نگاری کے بہترین ماخذ خطوط ہیں۔'' یہ قول کس ادیب کا ہے؟

(۱۰) ''حیاتِ سعدی'' کس کی تصنیف ہے؟

(۱۱) ''ایک پاک دل انسان خطوط میں لپٹا ہوتا ہے۔'' یہ قول کس ادیب کا ہے؟

(۱۲) ''حالی کے خطوط میں حقیقت کی پُر خلوص سادہ بیانی ہے؟ یہ قول کس ادیب کا ہے؟

(۱۳) خطوط کے حوالے سے حالی اور سر سید کو کس نے ''ایک جان دو قالب'' کہا ہے؟

(۱۴) اردو میں ''حیوانِ ظریف'' کسے کہا گیا ہے؟

(۱۵) زندگی اپنی راہیں خود بنالیتی ہیں اسی طرح خط اپنی باتیں خود پیدا کر لیتا ہے۔ یہ قول کس ادیب کا ہے؟

(۱۶) ''اردو خطوط نگاری ایک مطالعہ'' کتاب کے خالق کون ہیں؟

(۱۷) اردو کے کس شاعر نے اپنے استاد کی ہجو میں منظوم خط لکھا؟

---پایان---

**2305E819**

Candidate's Seat No :

**M.A. (Sem.-III) Examination**
**506 Urdu**
**May-2017**

**Time : 3 Hours]** **[Max. Marks : 100**

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اوران سبھی کے مارکس بائیں جانب ردج ہیں۔

سوال : ۱ اردوادب میں تذکرہ نگاری کے فن آغاز اورارتقاء کا مفصل احاطہ کیجئے۔ ۲۵

یا

تعلیمِ نسواں اوراس کے مسائل پر سرسید احمد خاں کے خیالات کیا تھے؟ بحث کیجئے۔

سوال : ۲ اردو زبان وادب پر مغربی ادب کے کیا اثرات مرتب ہوئے؟ بیان کیجئے۔ ۲۵

یا

علی گڑھ تحریک کے منفی اورمثبت نیز سماجی پہلوؤں کا جائزہ لیجئے۔

سوال : ۳ اردوادب پر ترقی پسند تحریک کے اثرات کا تفصیلی جائزہ لیجئے۔ ۲۵

یا

آزادی کے بعد اردوافسانے کے فروغ، موضوعات اور مسائل پر روشنی ڈالئے۔

سوال : ۴ ادب میں طنز ومزاح کی اہمیت اورضرورت پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ ۲۵

یا

اردوادب میں فن سوانح نگاری کی ابتداء اورارتقاء کا خاکہ پیش کیجئے۔

---پایان---

2/43

**2005E749**

Candidate's Seat No :_______

**M.A. (Sem.-III) Examination**
**504 EA Urdu**
**Gazal**
**May-2017**

**Time : 3 Hours]** **[Max. Marks : 70**

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اور ان سبھی کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔

سوال : ۱ اُردو غزل کے عہد بہ عہد ارتقاء کا جائزہ لیجئے۔ ۱۴

یا

ولیؔ کے حالاتِ زندگی پر مفصل روشنی ڈالئے۔

سوال : ۲ غزل کی تعریف اس کے فن اور ہیئت پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ ۱۴

یا

اردو غزل کے اجزائے ترکیبی بیان کیجئے۔

سوال : ۳ ولیؔ کی غزل گوئی کے محاسن پر روشنی ڈالئے۔ ۱۴

یا

قلی قطب شاہ کی غزل گوئی پر تفصیل سے تبصرہ کیجئے۔

سوال : ۴ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو (۲) عنوان پر لکھئے۔ ۱۴

(۱) اُردو غزل میں پیکر تراشی

(۲) اُردو غزل کی تنقید

(۳) غزل اور نظم کے درمیان فرق

(۴) غالبؔ کی غزل گوئی

سوال : ۵ [الف] مندرجۂ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔ (کوئی آٹھ) ۸

(۱) ''غزل اور مطالعۂ غزل'' کس ادیب کی تصنیف ہے؟

(۲) ولی کو اپنا معشوق کس نے کہا ہے؟

(۳) ولی کو اردو میں شعر گوئی کا مشورہ کس نے دیا؟

(۴) ''شام کے شاعر'' کے نام سے کون بہت مشہور ہے؟

(۵) ولؔی نے احمد آباد کے کس مدرسہ میں حصول تعلیم سے فیضیاب ہوئے؟

(۶) ''معانؔی'' اردو کے کس شاعر کا تخلص ہے؟

(۷) ''اردو غزل کی روایت اور ترقی پسند غزل'' کتاب کے خالق کون ہیں؟

(۸) ''ہماری تہذیب غزل کے سانچے میں ڈھلی ہے۔'' کس ادیب کا قول ہے؟

(۹) غزل کے روپ میں تہذیب گا رہی ہے؟ یہ کس کا قول ہے؟

(۱۰) ''حسن مطلع'' کسے کہتے ہیں؟

۶ سوال : ۵ [ب] مندرجۂ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔ (کوئی تین)

(۱) اے ولی اس بے وفا کی مہربانی پر نہ بھول
دل کا دشمن ہے اگر کرتا ہے باتیں پیار کی

(۲) کیا بے خبر ہوا ہے معلم صنم کو دیکھ
مکتب میں آکے بھول گیا ہے کتاب آج

(۳) نکل اے دل رُبا گھر سوں کہ وقت بے حجابی ہے
چمن میں چل بہار نسترن ہے ماہتابی کا

(۴) اے ولی قدر تیرے شعر کی کیا بوجھے عوام
اپنے اشعار کوں ہرگز نہ تو دے جز بہ خواص

(۵) طریقہ عشق بازاں کا عجب نادر طریقہ ہے
جو کوئی عاشق نہیں، اس کو مسلماں کر نہیں گنتے

---پایان---